Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۹ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۷ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۱ دسمبر ۱۹۳۵ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	ترقی رینک سکنڈ لفٹنٹ سید ضمیر احمد صاحب کیڈٹ (ہز ہائینس باڈی گارڈ)	۲	۲	اجازت روانگی در ایام تعطیلات بمالیر تربیت صاحب آرمی منسٹر بہادر۔	۲

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل رامپور

(۲)	رخصت منصف مجسٹریٹ صاحب جنوبی	۲	۵	تقرر مسٹر سمیع رفیع (عہدہ ہلیتہ دریٹر)
(۴)	اضافہ بہ تنخواہ سید محمد احمد (ہیڈ کلرک چیف کورٹ)		۶	منظوری الاؤنس سواری ہیڈ ڈسپنسر

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار

واقعہ ۷؍ دسمبر ۱۹۳۵ء

بملاحظہ کاغذات منسلکہ واضح ہوا کہ کیڈٹ سید ضمیر احمد (ہز ہائینس باڈیگارڈ) نے تعلیم کیولری و انفنٹری ختم کرلی ہے لہٰذا حسب سفارش عالیجناب صاحب آرمی منسٹر بہادر ان کو سیکنڈ لفٹنٹ کا رینک عطا کیا جاتا ہے۔ بجٹ ہز ہائینس باڈیگارڈ میں سیکنڈ لفٹنٹ اسکواڈرن افسر کی جگہ ہے۔ تنخواہ ہارسس الاؤنس ہمگی ایک سو تین روپیہ ماہوار منظور شدہ ہے جس میں سے سید ضمیر احمد اسی روپیہ ماہوار الاؤنس پا رہے ہیں۔ اب ان کو اس جگہ کی پوری تنخواہ ایک سو تین روپیہ ماہوار ملیگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار

واقعہ ۱۰؍ دسمبر ۱۹۳۵ء

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ عالیجناب صاحب آرمی منسٹر بہادر کو ۱۵؍ لغایت ۳۰؍ دسمبر ۱۹۳۵ء میں باہر جانیکی اجازت ہو چکی ہے۔ اس زمانہ میں انکے متعلقہ کاغذات اجلاس عالیہ میں پیش کئے جائیں۔ تا بدولت و اقبال احکام صادر فرمانے نگرانی پریڈ وغیرہ کے لفٹنٹ کرنل ولادت حسین خاں کمانڈنگ افسر سیکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری ذمہ دار رہینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ دسمبر ۱۹۳۵ء میں کاغذات منظوری رخصت رعایتی ایک یوم ۱۴ نومبر ۱۹۳۵ء مولوی وصال محمد صاحب منصف مجسٹریٹ پیش ہوکر طے پایا کہ :-

بوجہ عدم انقضائے مدت چھ ماہ بہ رخصت رعایتی سابقہ مولوی وصال محمد صاحب منصف مجسٹریٹ کی رخصت رعایتی ۱۴ نومبر ۱۹۳۵ء بصورت خاص منظور کی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ دسمبر ۱۹۳۵ء میں کاغذات اضافہ دس روپیہ ماہانہ در تنخواہ سید محمد احمد ہیڈ کلرک دفتر صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر پیش ہوکر طے پایا کہ :-

حسب اتفاق مینہ فائنانس نامبردہ کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے بجٹ متعلقہ میں رقم کی گنجائش ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ دسمبر ۱۹۳۵ء میں کاغذات تقرر مسز میسی رتیمع ساکنہ مرادآباد بعہدہ ہیلتھ وزیٹر بمشاہرہ پچیس روپیہ امتحاناً برائے چھ ماہ بشرائط ذیل :-

شروع تنخواہ سے ماہانہ ریجائیگی اور صدر ماہوار رسالانہ حسب ضابطہ حسن خدمات مستقلی ایک سو روپیہ تک دیا جائیگا

سواری اور مکان کا انتظام جانب ریاست ہوگا۔

بجٹ میں ماہوار کی آسامی منظور ہو چکی ہے

پیش ہوکر طے پایا کہ :-

حسب اتفاق سرور سلکشن بورڈ و مینہ فائنانس مسز میسی رتیمع کا تقرر امتحاناً برائے چھ ماہ بمشاہرہ پچیس روپیہ بعہدہ ہیلتھ وزیٹر بوہم کارکردگی بشرائط مندرجہ بالا منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ دسمبر ۱۹۳۵ء میں کاغذات منظوری سواری الاونس بارہ روپیہ ماہانہ ہیڈ ویکسینیٹر منشی پیارے لال ہمراہی روپیہ از یکم اکتوبر ۱۹۳۵ء تا ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء پیش ہوکر رقم الاونس منظور شدہ بجٹ ہے اور مینہ فائنانس کو اتفاق ہے طے پایا کہ :-

نامبردہ کا بارہ روپیہ ماہانہ سواری الاونس از یکم اکتوبر ۱۹۳۵ء تا ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل